Interloop Limited
Registered Office
Al-Sadiq Plaza P 157
Railway Road, Faisalabad
Pakistan. +92 41 2619724

Ref: ILP/PSX/46/2024
Date: 03/10/2024

The General Manager
Pakistan Stock Exchange Limited
Stock Exchange Building
Stock Exchange Road
Karachi.

Subject: **Publication of Notice of 32nd Annual General Meeting in Newspapers**

Dear Sir,

Enclosed please find a copy of the Notice of the 32nd Annual General Meeting to be held on October 24, 2024 (Thursday) which has been issued for publication in the newspapers nationwide in daily Business Recorder (English) and daily Nawa-i-Waqt (Urdu).

Please inform the TRE Certificate Holders of the Exchange accordingly.

Thanking You,

INTERLOOP LIMITED Faisalabad

**(Rana Ali Raza)**
Company Secretary

Copy to:

Executive Director / HOD
Offsite-II Department, Supervision Department
Securities & Exchange Commission of Pakistan
63, NIC Building, Jinnah Avenue, Blue Area,
Islamabad

# INTERLOOP NOTICE OF 32nd ANNUAL GENERAL MEETING

Notice is hereby given that the 32nd Annual General Meeting (AGM) of Interloop Limited (the "Company") will be held on Thursday, October 24, 2024 at 12:00 p.m. at the Interloop Executive Club, Interloop Industrial Park located at 7-KM Khurrianwala - Jaranwala Road, Khurrianwala, Faisalabad, to transact the following businesses:

Members are encouraged to attend the AGM through the video link facility managed by the Company
(Please see the notes section for details).

**ORDINARY BUSINESS:**

1.To confirm the minutes of the last Annual General Meeting (AGM) of the Company held on **October 13, 2023.**

2.To receive, consider and adopt the Annual Audited Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2024, together with the Auditors' and Directors' Report thereon and Chairperson's Review Report.

In accordance with Section 223 of the Companies Act, 2017 and pursuant to the S.R.O. 389(I)/2023 dated March 21, 2023, the Annual Audited Financial Statements along with Reports of the Company can be accessed through the following weblink and QR enabled code.

https://investors.interloop-pk.com/financial-reports/

3.To declare and approve, as recommended by the Directors, the payment of Final Cash Dividend @ Rs. 2.50/- per share i.e. 25% for the year ended June 30, 2024. This is in addition to the Interim Cash Dividend already paid for the year ended June 30, 2024 @ Rs. 2 /- per share i.e. 20%.

4.To appoint Auditors and fix their remuneration for the financial year 2024-25. The Members are hereby given notice that the Board of Directors, on the recommendation of the Board Audit Committee of the Company, has proposed the name of the retiring auditors, M/s Kreston Hyder Bhimji & Company, Chartered Accountants for reappointment as the Auditors of the Company.

**OTHER BUSINESS:**

5.To transact any other business with the permission of the Chair.

**By Order of the Board**
**-sd-**
**(Rana Ali Raza)**
**Company Secretary**

**Place: Faisalabad**
**Dated: October 02, 2024**

**NOTES:**

**1.Closure of Share Transfer Books:**

The Share Transfer Books of the Company will remain closed from **October 17, 2024 to October 24, 2024** (both days inclusive). Transfer requests on prescribed format, received at the office of the Share Registrar of the Company, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99 –B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e- Faisal, Karachi-74400 on or before the close of business on **October 16, 2024** will be treated 'in time' for the purpose of above entitlement(s) to the transferees and/or to attend the AGM.

**2. Virtual Participation in the AGM Proceedings:**

Shareholders interested in attending the AGM virtually are hereby advised to get themselves registered with the Company by providing the following information through email at **aliraza.rana@interloop.com.pk or general.meetings@interloop.com.pk**

| Name of Shareholder | CNIC No. | Folio No. / CDC Account No. | No. of Shares | Contact No. | Email Address |
|---|---|---|---|---|---|

Online meeting link and login credentials will be shared with only those Members whose emails, containing all the required particulars, are received at the given email address by the end of business on Wednesday October 23, 2024. The login facility shall remain open from 11:30 am till the start of the Meeting on October 24, 2024.

**3. Electronic transmission of Annual Report 2024:**

In compliance with section 223(6) of the Act, the Company has electronically transmitted the Annual Report 2024 through email to Shareholders whose email addresses are available with the Company's Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited. The printed notices of AGM, after insertion of the weblink and QR enabled code for downloading the Annual Report, have been dispatched under S.R.O. 389 (I)/2023, dated March 21, 2023. The Financial Statements of the Company for the year ended June 30, 2024 along with reports have also been placed on the website of the Company.

https://investors.interloop-pk.com/financial-reports/

However, the Company will provide hard copies of the Annual Report to any member on their demand, at their registered address, free of cost, within one week of receiving such request on specified consent letter/form which is available on the Company's website www.interloop-pk.com.

Further, Shareholders are requested to kindly provide their valid email address (along with a copy of valid CNIC) to the Company's Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited CDC House, 99 –B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e- Faisal, Karachi-74400, if the Member hold shares in physical form or, to the Member's respective Participant/Investor Account Services, if shares are held in book entry form.

**4. Requirements for appointing proxies:**

All members, entitled to attend and vote at the meeting, are entitled to appoint another person in writing as their proxy to attend and vote on their behalf. A proxy must be a member of the Company. In case of corporate entities, a resolution of the Board of Directors / power of attorney with specimen signature of the person nominated to represent and vote on behalf of the corporate entity and an attested copy of CNIC shall be submitted to the Company at the meeting or along with a completed proxy form. The proxy holders are required to produce their original valid CNICs or original passports at the time of the meeting. In order to be effective, duly completed and signed proxy forms must be received at the Company's Registered Office at least 48 hours before the time for holding the meeting.

**Guidelines for CDC Account Holders issued by SECP:**

CDC account holders will further have to follow the below mentioned guidelines as laid down by the Securities and Exchange Commission of Pakistan in this regard:

**(a) For Attending the Meeting**

i.In case of individuals, the account holders or sub-account holders whose registration details are uploaded as per the Regulations shall authenticate his/her original valid CNIC or the original passport at the time of attending the meeting.

ii.Members registered on CDC are also requested to bring their particulars, I.D. numbers and account numbers in CDS.

iii.In case of corporate entity, the Board of Directors' resolution/power of attorney with specimen signature of the nominee shall be produced (unless it has been provided earlier) at the time of the meeting along with the proxy form to the Company.

**(b) For Appointing Proxies**

i.In case of individuals, the account holders or sub-account holders whose registration details are uploaded as per the Regulations shall submit the proxy form as per above requirements.

ii.Attested copies of valid CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.

iii.The proxy shall produce original valid CNIC or original passport at the time of the meeting.

iv.In case of a corporate entity, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature shall be submitted (unless it has been provided earlier) along with proxy form to the Company.

v.Proxy form will be witnessed by two persons whose names, addresses and valid CNIC numbers shall be mentioned on the form

**5.Electronic Dividend Mandate:**

Under Section 242 of the Act, it is mandatory for all listed companies to pay cash dividend to its Shareholders through electronic mode directly into the bank account designated by the entitled Shareholders.

To receive dividend directly into their bank account, Shareholders are requested (if not already provided) to fill the Dividend Bank Mandate Form for Electronic Credit of Cash Dividend available on the Company's website i.e., www.interloop-pk.com and send it duly signed along with a copy of valid CNIC to the Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, in case of physical shares. In case of shares held in CDC, Electronic Dividend Mandate Form must be directly submitted to Shareholder's brokers / participant / CDC account services.

In case of non-receipt of above information/form, the Company will be constrained to withhold payment of dividend to Shareholders. As per SECP directives, the dividend of Shareholders, whose valid CNICs are not available with the Share Registrar, may be withheld. All Shareholders having physical shareholding are therefore advised to submit a photocopy of their valid CNICs immediately, if already not provided, to the Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited without any further delay.

**6.Deduction of Income Tax from Dividend under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001 ("Income tax Ordinance"):**

The rates of deduction of withholding tax for Filers and Non-Filers as prescribed under Section 150 of the Income Tax Ordinance 2001, are as under:

- For Filers of income tax returns 15.00%
- For Non-Filers of income tax returns 30.00%

**Withholding tax on Dividend in case of Joint Account Holders**

Members who have joint shareholdings held by Filers and Non-Filers shall be dealt with separately and in such particular situation, each account holder is to be treated as either a Filer or a Non-Filers and tax will be deducted according to his/her shareholding.

If the share is not ascertainable then each account holder will be assumed to hold equal proportion of shares and the deduction will be made accordingly. Therefore, in order to avoid deduction of tax at a higher rate, the joint account holders are requested to provide the below mentioned details of their shareholding to the Share Registrar of the Company latest by the Annual General Meeting date.

| Folio No. / CDC Account No. | Total No. of Shares | Name of Principal Shareholder and CNIC # | Share Holding | Name of Joint Shareholders and CNIC # | Share Holding |
|---|---|---|---|---|---|

**Valid Tax Exemption Certificate for Exemption from Withholding Tax**

A valid tax exemption certificate is necessary for exemption from the deduction of withholding tax under Section 150 of the Income Tax Ordinance, 2001. Members who qualify under Clause 47B of Part IV of the Second Schedule to the Income Tax Ordinance, 2001 and wish to seek an exemption must provide a copy of their valid tax exemption certificate to the Shares Registrar prior to the date of commencement of Book closure otherwise tax will be deducted according to the applicable law.

**7. Unclaimed Dividend / Shares under Section 244 of the Companies Act, 2017:**

An updated list for unclaimed dividend / shares of the Company is available on the Company's website i.e., www.interloop-pk.com .These are unclaimed dividend / shares, which have remained unclaimed or unpaid for a period of three (3) years from the date these have become due and payable.

Shareholders are requested to ensure that their claims for unclaimed dividend and share are lodged promptly.

Shareholders, who by any reason, could not claim their dividend, if any, are advised to contact our Share Registrar M/s. CDC Share Registrar Services Limited, CDC House, 99 –B, Block B, S.M.C.H.S., Main Shahrah-e- Faisal, Karachi-74400 and collect / enquire about their unclaimed dividend, if any. Incase no claim is lodged, the Company shall proceed to deposit the unclaimed/unpaid Account and shares with the Federal Government pursuant to the provision of Section 244 (2) of Companies Act, 2017.

**8. Consent for video conference facility:**

Pursuant to Section 132(2) & section 134(b) of the Companies Act, 2017, if the Company receives a consent form from the Shareholders holding aggregate 10% or more shareholding residing at geographical location to participate in the meeting through video conference at least seven (7) days prior to the date of meeting, the Company will arrange video conference facility in that city subject to availability of such facility in that city. To avail this facility please provide following information and submit to registered office of the Company:

I / We, ______________________________ of ________________, being a member of Interloop Limited, holder of ________________________ ordinary share(s) as per Registered Folio / CDC Account No. ______________________ hereby opt for video conference facility at ________________________.

_______________
Signature of Member

**9. Declaration for exemption of Zakat:**

In order to claim exemption from compulsory deduction of Zakat, Shareholders are requested to submit a notarized copy of Zakat Declaration Form "CZ-50" on Non-Judicial Stamp Paper of appropriate value to the Share Registrar, M/s. CDC Share Registrar Services Limited, of the Company before the closed of share transfer books. In case shares are held in scripless form such Zakat Declaration Form (CZ -50) must be uploaded in the CDC account of the Shareholder, through their Participant / Investor Account Services. Further, Non-Muslim Shareholders are also required to file Solemn Affirmation with the Share Registrar of the Company in case of shares are held in physical certificates or with CDC Participant / Investor Account Services in case shares are in scripless form. No exemption from deduction of zakat will be allowed unless the above documents complete in all aspects have been made available as above. Moreover, shareholders are also requested to promptly notify any changes in their registered address.

# اطلاع برائے 32واں سالانہ اجلاس

INTERLOOP

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ انٹرلوپ لمیٹڈ (" کمپنی ") کا 32واں سالانہ اجلاس عام (AGM) بروز جمعرات 24 اکتوبر، 2024 کو دوپہر 12:00 بجے انٹرلوپ ایگزیکٹیو کلب، انٹرلوپ انڈسٹریل پارک واقع 7-KM کھڑیانوالہ - جڑانوالہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد منعقد ہوگا جس میں مندرجہ ذیل امور نمٹائے جائیں گے:

ممبرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ AGM میں ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت کریں، جس کا کمپنی کی طرف سے انتظام کیا گیا ہے (تفصیلات کے لیے نوٹس سیکشن دیکھئے)

## عمومی اُمور :

1. کمپنی کے 13 اکتوبر، 2023 کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ اجلاس عام (AGM) کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2. 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی وصولی، غوروخوض اور منظوری دینا اور اس کے ساتھ اس بارے میں آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرپرسن کی جائزہ رپورٹ کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 کے مطابق اور S.R.O.389(I)/2023 مورخہ 21 مارچ، 2023 کی رو سے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں مع کمپنی کی رپورٹس تک مندرجہ ذیل ویب لنک اور QR حامل کوڈ کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

https://investors.interloop-pk.com/financial-reports/

3. 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے -/2.50 روپے فی شیئر یعنی 25% حتمی نقد منافع منقسمہ کی تقسیم کا اعلان اور اس کی منظوری دینا، جیسا کہ ڈائریکٹر صاحبان کی طرف سے سفارش کی گئی ہے۔ یہ اُس عبوری نقد منافع منقسمہ کے علاوہ ہے جو 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے -/2 روپے فی شیئر کے حساب سے یعنی 20%، پہلے ہی ادا کیا جاچکا ہے۔
4. مالی سال 25-2024 کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز، میسرز کریسٹن حیدر بھیم جی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو دوبارہ کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

## دیگر امور :

5. صاحب صدر کی اجازت سے کوئی دوسری کارروائی نمٹانا۔

بمقام: فیصل آباد

بتاریخ: 02 اکتوبر، 2024

بحکم بورڈ
(رانا علی رضا)
کمپنی سیکریٹری

## گزارشات :

### 1. شیئر ٹرانسفر بُکس کا بند ہونا :

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 17 اکتوبر، 2024 سے 24 اکتوبر، 2024 (بشمول دونوں دن) تک بند رہیں گی۔ منتقلی کی جو درخواستیں تجویز کردہ فارمیٹ پر 16 اکتوبر، 2024 کو کاروباری اوقات بند ہونے سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 کو موصول ہوجائیں گی، وہ ٹرانسفریز کے مذکورہ بالا اور/یا سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے استحقاق کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔

### 2. AGM کی کارروائی میں ورچوئل شرکت :

سالانہ اجلاس عام میں ورچوئل شرکت کے خواہش مند شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ aliraza.rana@interloop.com.pk یا general.meetings@interloop.com.pk پر ای میل کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرکے خود کو رجسٹرڈ کروائیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|

آن لائن اجلاس کا لنک اور لاگ اِن کریڈنشلز صرف اُن ممبرز کے ساتھ شیئر کیے جائیں گے جن کے مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز بدھ 23 اکتوبر، 2024 کو کاروبار بند ہونے تک دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہوجائیں گی۔ لاگ اِن کی سہولت 24 اکتوبر، 2024 کو صبح 11:30 بجے سے اجلاس شروع ہونے تک کھلی رہے گی۔

### 3. سالانہ رپورٹ 2024 کی الیکٹرانک طریقے سے ترسیل :

کمپنی نے ایکٹ کے سیکشن (6)223 کی تعمیل کرتے ہوئے سالانہ رپورٹ 2024 الیکٹرانک طریقے سے ایسے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ای میل ارسال کی ہے۔ جن کے ای میل ایڈریس کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس موجود ہیں۔ سالانہ رپورٹ کی ڈاؤن لوڈنگ کے لیے ویب لنک اور QR حامل کوڈ شامل کیے جانے کے بعد S.R.O 389 (I)/2023، مورخہ 21 مارچ، 2023 کے تحت AGM کے پرنٹ شدہ نوٹسز ارسال کیے گئے ہیں۔ 30 جون، 2024 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے مالی حسابات، رپورٹس کے ساتھ کمپنی کی ویب سائیٹ پر بھی ڈال دیئے گئے ہیں۔

https://investors.interloop-pk.com/financial-reports/

تاہم، کمپنی سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی کسی بھی ممبر کی درخواست پر ان کے رجسٹرڈ پتے پر ایک ہفتے کے اندر بغیر کسی قیمت کے فراہم کرے گی۔ درخواست مخصوص رضامندی کے خط / فارم پر موصول ہوگی جو کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے

مزید برآں، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا درست ای میل ایڈریس (درست CNIC کی کاپی کے ساتھ) کمپنی کے شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 پر فراہم کریں، اگر ممبر فزیکل شکل میں شیئرز رکھتے ہیں یا اپنے متعلقہ شرکت کنندہ/انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کے ساتھ یا اگر شیئرز بک انٹری فارم میں اندراج کی شکل میں رکھے گئے ہیں۔

### 4. پراکسیز مقرر کرنے کی شرائط :

وہ تمام ممبرز جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے حق دار ہیں، اپنی جانب سے شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے لیے تحریری طور پر کسی دوسرے فرد کو اپنا نمائندہ مقرر کرسکتے ہیں۔ پراکسی کے لیے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع اُس شخص کے دستخط نمونہ، جسے کارپوریٹ ادارے کی طرف سے نمائندگی کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کیا گیا ہے اور سی این آئی سی کی ایک تصدیق شدہ کاپی، مکمل کردہ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کی جائے۔ پراکسی ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے وقت اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کریں۔

صحیح طریقے سے مکمل کردہ اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہوجائیں۔

## سی ڈی سی اکائونٹ ہولڈرز کے لیے ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ رہنما اصول :

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو نیچے درج رہنما اصولوں پر بھی عمل کرنا ہوگا، جیسا کہ اس ضمن میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے طے کیا گیا ہے۔

### (a) اجلاس میں شرکت کے لیے :

i. انفرادی حیثیت کی صورت میں، ایسے اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ دکھا کر تصدیق کریں گے۔
ii. سی ڈی سی میں رجسٹرڈ ممبرز سے بھی گزارش ہے کہ وہ اپنے کوائف، آئی ڈی نمبرز اور سی ڈی ایس کے اکاؤنٹ نمبر ساتھ لائیں۔
iii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط نمونہ، پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کیے جائیں (اگر اس سے پہلے فراہم نہیں کیے گئے)۔

### (b) نمائندوں کی تقرری کے لیے :

i. انفرادی حیثیت کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ہیں، مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم پیش کریں گے۔
ii. اصل مالکان اور پراکسی کے کارآمد CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔
iii. پراکسی، اجلاس کے وقت اصل کارآمد CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔
iv. کاروباری ادارے کی صورت میں اجلاس کے موقع پر پراکسی فارم کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، مع نمائندے کے دستخط کے نمونے کمپنی کو پیش کرنا ہوں گے (اگر اس سے پہلے پیش نہیں کیے گئے)۔
v. پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے، جن کے نام، پتے اور کارآمد CNIC نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

### 5. الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ :

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 242 کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ الیکٹرانک طریقے سے اہل شیئر ہولڈرز کے مقرر کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ادا کریں۔

فزیکل شیئرز کی صورت میں، اپنا نقد منافع منقسمہ براہ راست اپنے بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے ممبرز سے گزارش ہے کہ وہ الیکٹرانک کریڈٹ آف کیش ڈیویڈنڈ کے لیے ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا) پُر کریں جو کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے اور اس پر صحیح طریقے سے دستخط کرکے کارآمد سی این آئی سی کی کاپی کے ساتھ شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بھیج دیں۔ اگر شیئرز سی ڈی سی میں ہیں تو الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم لازمی طور پر براہ راست شیئر ہولڈرز کے بروکرز / شراکتی / سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو پیش کیے جائیں۔

مذکورہ بالا معلومات / فارم کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کو ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔ ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق، ایسے شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ روکے جاسکتے ہیں جن کے کارآمد سی این آئی سی شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں۔ لہٰذا، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اگر وہ پہلے فراہم نہیں کرچکے تو اپنے کارآمد سی این آئی سی کی فوٹو کاپی، کسی تاخیر کے بغیر فوری طور پر شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو پیش کریں۔

### 6. انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 (" انکم ٹیکس آرڈیننس ") کے سیکشن 150 کے تحت منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:

گوشوارے جمع کروانے اور گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لیے ود ہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی کی شرحیں، جیسا کہ انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 میں تجویز کیا گیا ہے، مندرجہ ذیل ہیں:

- انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کے لیے 15.00%
- انکم ٹیکس گوشوارے جمع نہ کرانے والوں کے لیے 30.00%

### جوائنٹ اکائونٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ پر ود ہولڈنگ ٹیکس :

جن ممبرز کی فائیلرز اور نان فائیلرز کے پاس جوائنٹ شیئر ہولڈنگ ہے ان کے ساتھ الگ الگ برتاؤ کیا جائے گا اور اس قسم کی مخصوص صورت حال میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو فائیلر یا نان فائیلر باور کیا جائے گا اور اس کی شیئر ہولڈنگ کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

اگر شیئرز کے بارے میں پتہ چلانا ممکن نہ ہو تو پھر ہر اکاؤنٹ ہولڈر کے بارے میں یہ سمجھا جائے گا کہ ان کے پاس شیئرز کا مساوی حصہ ہے اور اسی لحاظ سے کٹوتی کی جائے گی۔ لہٰذا، زیادہ شرح سے ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کے لیے جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ سالانہ اجلاس عام کی تاریخ تک اپنی شیئر ہولڈنگ کی مندرجہ تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کردیں۔

| فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کل تعداد | بڑے شیئر ہولڈر کا نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئر کی تعداد) | جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئر کی تعداد) |
|---|---|---|---|---|---|

### ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کے لیے کارآمد ٹیکس استثناء سر ٹیفکیٹ :

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کے لیے کارآمد ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ ضروری ہے۔ جو ممبرز انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکنڈ شیڈول کے پارٹ IV کی شق 47B کے تحت کوالیفائی کرتے ہیں اور استثناء حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں وہ کھاتے کی بندش کی تاریخ سے قبل ٹیکس سے استثناء کے اپنے کارآمد سرٹیفکیٹ کی کاپی شیئر رجسٹرار کو لازمی فراہم کریں ورنہ قابل اطلاق قانون کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

### 7. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعویدار منافع منقسمہ / شیئرز :

کمپنی کے غیر دعویدار منافع منقسمہ / شیئرز کی updated فہرست کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ/ شیئرز ہیں جو اُس تاریخ سے جب یہ واجب اور قابل ادائیگی تھے، تین (3) سال سے غیر دعویدار اور غیر ادا شدہ چلے آرہے ہیں۔

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ اور شیئرز کے لیے ان کے دعوے بروقت داخل ہوں۔ جو شیئر ہولڈرز کسی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ، اگر کوئی ہے، دعویٰ نہیں کرسکے انھیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی-74400 سے رابطہ کریں اور اپنے غیر ڈیویڈنڈ دعویٰ، اگر کوئی ہو، وصول کریں/اس کے بارے میں معلومات حاصل کریں۔ اگر کوئی دعویٰ دائر نہیں کیا جائے گا تو کمپنی اسے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)244 کے مطابق وفاقی حکومت کے پاس جمع کروانے کی کارروائی کرے گی۔

### 8. ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 اور سیکشن (b)134 کے مطابق اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی مقام پر رہنے والے ایسے شیئر ہولڈرز کی طرف سے اجلاس سے کم از کم سات (7) دن پہلے ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت کے لیے رضامندی کا فارم موصول ہو تو جن کے پاس مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ ہے، کمپنی اُس شہر میں ویڈیو کانفرنس سہولت کا انتظام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں اس قسم کی سہولت موجود ہو۔ برائے کرم اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں:

میں / ہم---------------------------جن کا تعلق---------------------------سے ہے، انٹرلوپ لمیٹڈ کا ممبر ہونے کے ناتے جو---------------

آرڈینری شیئر (شیئرز) کے مالک ہیں بمطابق رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر---------------بمقام---------------------------ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

______________

دستخط ممبرز

### 9. زکوٰۃ سے استثناء کا حلف نامہ :

زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثناء کے دعوے کے لیے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ مناسب قدر کے نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم "CZ-50" کی ایک نوٹرائزڈ کاپی، شیئر ٹرانسفر بکس بند ہونے سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس جمع کروائیں۔ اگر شیئرز scripless شکل میں ہیں تو یہ زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم (CZ-50) شراکتی/انویسٹرا کاؤنٹ سروسز کے ذریعے شیئر ہولڈر کے سی ڈی سی اکاؤنٹ میں اپ لوڈ ہو۔

مزید برآں، غیر مسلم شیئر ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس سولن اقرار جمع کروائیں، اگر ان کے شیئرز فزیکل سرٹیفکیٹس میں یا سی ڈی سی شراکتی / انویسٹرا کاؤنٹ سروسز میں scripless form میں ہیں۔ اگر ہر لحاظ سے مکمل مذکورہ بالا دستاویزات فراہم نہیں کی جائیں گی تو زکوٰۃ کی کٹوتی سے کسی استثناء کی اجازت نہیں ہوگی۔ علاوہ ازیں، شیئر ہولڈرز سے یہ گزارش بھی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی تبدیلی سے فوری طور پر آگاہ کریں۔